ایڈیلیڈ ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں پاکستان مشکلات کا شکار

لاہور،30نومبر2019ء:

ایڈیلیڈ اوول میں جاری ٹیسٹ میچ کےدوسرے روز آسٹریلیا کے 589 رنز کے جواب میں پاکستان نے پہلی اننگز میں6وکٹوں کے نقصان پر96رنز بنالیے ہیں ۔ بابراعظم 43 اور یاسر شاہ4 کے انفرادی اسکور سے کھیل کے تیسرے روزکا آغاز کریں گے۔

اس سے قبل مارنس لبوشین اور ڈیوڈ وارنر نے میزبان ٹیم کی جانب سے 1وکٹ کے نقصان پر 302 رنز سے میچ کے دوسرے روز کاآغاز کیا تو مڈل آرڈر بلے باز مارنس لبوشین 162 رنزبناکر آؤٹ ہوگئے۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 361 رنز کی شراکت فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے توڑی تاہم دوسرے اینڈ پر چٹان بن کرکھڑے اوپنر ڈیوڈ وارنر نےپاکستان کی باؤلنگ لائن اپ کو چاروں شانے چت کرتے ہوئے گراؤنڈ کے چاروں اطراف رنز اسکور کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔

انہوں نے ٹرپل سنچری اسکور کی۔ ڈیوڈ وارنر نے 418 گیندوں پر 80 سے زائد اسٹرائیک سے رنز بنائے۔ وہ 39 چوکوں اور 1چھکے کی مدد سے 335 رنزبناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ آسٹریلیا نے اپنی پہلی اننگز 3وکٹوں کے نقصان پر 589 رنز پر ڈکلیئر کردی۔ پاکستان کی جانب سے تینوں وکٹیں شاہین شاہ آفریدی نے حاصل کیں۔

جواب میں پاکستان نے اپنی پہلی اننگز کا آغاز کیا تو مہمان ٹیم کے ٹاپ آرڈر بلے باز ایک بار پھر ناکام ہوگئے اور محض 89 رنز پر 6کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ شان مسعود 19، امام الحق2اور اظہر علی 9 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ قومی ٹیم کا مڈل آرڈر بھی متاثر کن کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا۔اسد شفیق 9، افتخار احمد 10اور محمد رضوان بغیر کوئی رنز بنائے آؤٹ ہوگئے۔

مشکلات کا شکار قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹسمین بابراعظم دباؤ کے

باوجود میزبان ٹیم کے باؤلرز کے خلاف مزاحمت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ وہ67 گیندوں پر 6 چوکوں کی مدد سے43 رنز بناکر کریز پر موجود ہیں۔

قومی ٹیم تاحال پہلی اننگز میں 493 رنزکے خسارے کا شکار ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk